عام اعلان

بحریہ ٹاؤن پرائیویٹ لمیٹڈ کی جانب سے ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ کے 6,357,437 (14.42 فیصد) عام حصص کی خریداری کی پیشکش

بحریہ ٹاؤن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("خریدار") کی جانب سے ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ، ایک نان بینکنگ مالیاتی کمپنی ("ٹارگٹ کمپنی") کے 6,357,437 عام حصص، جو ٹارگٹ کمپنی کے جاری کردہ شیئر کیپٹل کا 14.42 فیصد بنتا ہے، سیکیورٹیز ایکٹ بحریہ 2015ء ("ایکٹ") کے پارٹ IX اور لسٹیڈ کمپنیز (سبسٹینشل ایکیوزیشن آف ووٹنگ شیئرز اینڈ تیک اوورز) ریگولیشنز بحریہ 2017ء ("ریگولیشنز") کے تحت 15.87 روپے فی شیئر کی شرح سے خریدنے کا اعلان ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی") سے بذریعہ لیٹر نمبر ایس سی/این بی ایف سی-ای آئی بی ایل/34/2017-262 مورخہ 28 اپریل 2017ء اور پراپرائٹ کلیئرنس کے حصول کے بعد، بحریہ ٹاؤن (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے محترمہ درخشاں بشیر، محترمہ شازیہ بشیر، محترمہ مریم بشیر، Essem پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ، جناب مطاہر احمد، جناب بہرام قریشی اور جناب فرخ احمد کامران چوہدری (اجتماعی طور پر "اسپانسر سیلرز") سے ٹارگٹ کمپنی ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ کے جاری کردہ شیئر کیپٹل سے 31,385,126 عام حصص یعنی مجموعی جاری کردہ عام حصص کا 71.168 فیصد -/1 PKR (ایک روپیہ) کے مجموعی نرخ بحساب 0.0000000319 روپے فی شیئر پر خریداری کا معاہدہ 23 مئی 2017ء ("ایس پی اے") کیا ہے۔ اسپانسر سیلرز کے شیئرز بلاکڈ سی ڈی سی اکاؤنٹس میں رکھے ہوئے ہیں اور ایس ای سی پی سمیت دیگر ریگولیٹرز سے ریگولیٹری کلیئرنس کے بعد نافذ العمل ایزن بی ایف سی قوانین کے تحت خریدار کو منتقل ہو جائیں گے۔ مزید برآں ایکٹ اور ریگولیشنز کی تعمیل میں خریدار نے ٹارگٹ کمپنی کے -/10 روپے والے عام حصص (اسپانسر سیلرز کے علاوہ) شیئر ہولڈرز سے بذریعہ عام اطلاع خریدنے کی پیشکش کی ہے جو مندرجہ ذیل مختصر شرائط پر مبنی ہے (عام پیشکش / پبلک آفر)۔

پبلک آفر کا مختصر احوال

پیشکش قیمت	15.87 روپے فی عام شیئر
قبولیت کی مدت	سات (7) دن 8 اکتوبر 2017 تا 14 اکتوبر 2017ء کاروباری اوقات کے دوران۔
آفر لیٹر	عام اعلان کے مطابق آفر لیٹر شیئر ہولڈرز (ماسوائے اسپانسر سیلرز جو پہلے سے خریدار کے ساتھ میں ایس پی اے کر چکے ہیں۔ جن کے نام 2 اکتوبر 2017ء کو ٹارگٹ کمپنی کے شیئر ٹرانسفر رجسٹر کی بندش پر شیئر رجسٹر میں درج ہیں' کو ارسال کر دیئے جائیں گے۔
ووٹنگ شیئرز کی تعداد	6,357,437 عام حصص تک۔ ٹارگٹ کمپنی کے جاری کردہ شیئر کیپٹل کا 14.42 فیصد
خریدار کیلئے قابل قبول شیئرز کی کم از کم تعداد	کم از کم کی کوئی حد نہیں
خریدار کے پاس پہلے سے موجود شیئرز کی تعداد	کوئی نہیں
شیئر ہولڈرز کے ساتھ معاہدہ کے تحت خریدے جانے والے شیئرز کی تعداد	31,385,126 عام حصص۔ مجموعی جاری کردہ عام حصص کا 71.168 فیصد اسپانسر سیلرز سے ایس پی اے کے مطابق
آفر کا ٹیجر	اے کے ڈی۔ سیکیورٹیز لمیٹڈ 602 چھٹی منزل کاسمیٹکل ٹریڈ سینٹر بلاک 8 کلفٹن کراچی

پارٹ (الف)

ایکیوزیشن کا خلاصہ

بذریعہ ایکیوزیشن	حصص کی تعداد	فیصد	فی حصص قیمت
حصص خریداری معاہدہ	31,385,126	71.168 فیصد	-/0.0000000319 روپے فی حصص
پبلک آفر	6,357,437	14.42 فیصد	15.87 روپے فی حصص

پارٹ (ب)

1 خریدار

1.1 اگر خریدار کمپنی ہے:

اے	خریدار کا نام اور رجسٹرڈ پتہ	بحریہ ٹاؤن (پرائیویٹ) لمیٹڈ پتہ: کسٹمر سپورٹ سینٹر بحریہ کمپلیکس فیز 8 بحریہ ٹاؤن راولپنڈی
بی	ان کارپوریشن کی تاریخ اور حدود	خریدار پاکستانی قوانین کے تحت 14 جنوری 1997ء کو ان کارپوریٹ ہوا۔
سی	منظور شدہ اور جاری کردہ شیئر کیپٹل	منظور شدہ شیئر کیپٹل -/1,200,000,000 روپے مشتمل بر 120,000,000 عام حصص مالیتی 10 روپے فی شیئر جاری کردہ شیئر کیپٹل -/220,000,000 روپے مشتمل بر 22,000,000 عام حصص مالیتی 10 روپے فی شیئر
ڈی	اگر ایک سے زیادہ خریدار ہوں تو ان کا تعلق	ایک ہی خریدار، بحریہ ٹاؤن (پرائیویٹ) لمیٹڈ
ای	خریدار کے پاس پہلے سے موجود ٹارگٹ کمپنی کے ووٹنگ شیئرز کی تعداد بشمول کسی معاہدہ کے ذریعہ خریدے گئے کوئی شیئرز اور انکی مالیت	خریدار کے پاس ٹارگٹ کمپنی کا کوئی ووٹنگ شیئر نہیں ہے۔ خریدار ایس پی اے کے مطابق ٹارگٹ کمپنی کے 71.168 فیصد یعنی 31,385,126 عام ووٹنگ شیئرز -/0.0000000319 فی روپے فی شیئر کی مجموعی قیمت -/1 روپیہ پر خریدے گا۔ -/1 روپیہ قیمت فروخت برائے ٹارگٹ کمپنی کے جاری کردہ 71.168 فیصد شیئرز کی خریداری' خریدار کی جانب سے ٹارگٹ کمپنی کی تفصیلی مالیاتی اور قانونی صورتحال پر مبنی ہے۔ ٹارگٹ کمپنی کا این بی ایف سی لائسنس (یعنی انویسٹمنٹ فائنانس سروسز لائسنس) ٹارگٹ کمپنی کی نافذ العمل کم از کم ایکیوٹی ریکوائرمنٹ پوری نہ ہونے کے سبب 2014ء سے تجدید کیلئے التواء میں ہے۔ (جو اس وقت 600 ملین روپے سے تجاوز کر گئی ہے) مزید برآں مختلف قرضے واجب الادا ہیں (بشمول ڈیپازٹر کو واجب الادا 450 ملین روپے سے زائد) مزید برآں ٹارگٹ کمپنی کی اکاؤنٹس بکس میں درج 311 ملین روپے کے مختلف اثاثے 30 جون 2016ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز نے ممبران کو اپنی رپورٹ میں پیش کئے ہیں جن میں ڈیفرڈ ٹیکس ایسٹس اور سبسڈیری میں انویسٹمنٹ شامل ہیں' ٹارگٹ کمپنی کا اسکی اپنی سبسڈیری (یعنی ایسکارٹس کیپٹل لمیٹڈ) میں کل ظاہری رقم 375 ملین روپے سے زائد ہے۔ (بشمول آڈیٹرز کی جانب سے قابل وصولی کی صورت میں 175 ملین روپے کی انویسٹمنٹ) لہٰذا 30 جون 2016ء کو کمپنی کی بک ویلیو اکاؤنٹ میں کوالیفائیڈ اثاثوں اور ٹارگٹ کمپنی کے سبسڈیری میں کل رقم کے بعد منفی ہے۔ لہٰذا اسپانسر سیلرز اور خریدار نے ایک روپیہ کی تجارتی قابل قبول قیمت پر باہمی رضامندی ظاہر کی ہے۔ یہ صورتحال معاہدہ کے قانون کے تحت فریقین کے حقوق کے مطابق ہے۔
ایف	کمپنی کے گزشتہ مالی سال کے اختتام سے جاری کردہ شیئرز کی تعداد	کوئی نہیں
جی	پیشکش کے عام اعلان سے قبل گزشتہ دو مالی سالوں کے دوران خریدار کی تنظیم نو کی تفصیلات	کوئی نہیں
ایچ	خریدار اور کسی سبسڈیری کے بینک اوورڈرافٹس یا قرضوں یا دیگر واجبات رہن' جامرجزیا دیگر قرضوں کی تفصیل اور ایسے قرضوں کی عدم موجودگی میں گوشوارہ	گزشتہ تین سال کے دوران بھی کبھی کوئی بینک اوورڈرافٹ یا قرضہ یا مالی واجبات نہیں رہے۔ تاہم نان فنڈ بیس فیسیلیٹیز کے تحفظ کیلئے مختلف بینکوں کے حق میں 721.008 ملین روپے تک مندرجہ ذیل رہن کے چارجز رجسٹرڈ کئے گئے: O.....کارپوریٹ آفس پر سونیری بینک کے نام 181.000 ملین روپے کے رہن چارجز۔ O.....220 کے وی اے گرڈ اسٹیشن پر سونیری بینک کے نام 372.000 ملین روپے کے رہن چارجز۔ O.....فیز VIII کسٹمر سپورٹ آفس پر مسٹ بینک لمیٹڈ کے نام 168.008 ملین روپے کے رہن چارجز۔ فی الحال مندرجہ ذیل نان فنڈ بیس فیسیلیٹیز واجب الادا ہیں۔ O.....بینک گارنٹیاں: سٹ بینک لمیٹڈ کی جاری کردہ لاہور ہائی کورٹ کے نام 139.874 ملین روپے اور 28.134 ملین روپے کی دو بینک گارنٹیاں۔ O.....ان لینڈ لیٹرز آف کریڈٹ سونیری بینک کے جاری کردہ سیمنز پاکستان لمیٹڈ کے نام گرڈ اسٹیشنوں کی فراہمی اور تنصیب کیلئے 654 ملین روپے کے آٹھ ان لینڈ لیٹرز آف کریڈٹ جس کے مقابل 352.800 ملین روپے واجب الادا ہیں۔
آئی	خریدار کے مالی و قانونی مشیر	ریاض احمد اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ممبر آف Nexia انٹرنیشنل 10۔ بی سینٹ میری پارک، مین بلیوارڈ گلبرگ III، لاہور، پاکستان۔ ٹیلی فون نمبر 9-35718137 (042)۔ فیکس نمبر 35718136 (042) کارپوریٹ، لین اینڈ مفتی ایڈووکیٹس اینڈ سولیسیٹرز، نوائے وقت ہاؤس، 4 شاہراہ فاطمہ جناح، لاہور۔ 54000' ٹیلیفون نمبر: 36360824, 36360868 (042)، فیکس نمبر 36303301 (042)
جے	خریدار کی مختصر تاریخ اور آپریشن کے اہم شعبے	خریدار 1997 سے رئیل اسٹیٹ کاروبار سے منسلک ہے خصوصاً ہاؤسنگ اسکیموں اور کالونیوں کی ڈیولپمنٹ اور ولاز/ مکانات' اپارٹمنٹ عمارتیں/ بلند و بالا عمارتوں کی تعمیر کا کاروبار کر رہا ہے۔ خریدار اپنے کاروبار کے آغاز سے پاکستان میں لینڈ اسکیپس اور زندگیوں کو نئی شکل دے رہا ہے۔ خریدار نے اب تک راولپنڈی/ اسلام آباد لاہور' کراچی اور نوابشاہ کے شہروں میں رہائشی اور تجارتی مقاصد کیلئے رئیل اسٹیٹ اسکیموں پر عملدرآمد کیا ہے۔ ایشیاء میں سب سے بڑے پرائیویٹ رئیل اسٹیٹ ڈیولپر کی حیثیت سے خریدار ملازمتوں کی کی فراہمی' ٹیکسز کے ذریعہ اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے ذریعہ پاکستان کی آمدنی اور اقتصادی ترقی میں نمایاں حصہ لے رہا ہے۔ خریدار اپنے حالیہ کاروباری امور کے ساتھ سینرجی کے فروغ سے مالیاتی شعبہ کو آگے بڑھانے کے لئے پرعزم ہے۔
کے	خریدار کیلئے برسر پیکار اسپانسرز یا متعلقین کے نام اور پتے	1) ملک ریاض حسین، پتہ: مکان نمبر 3 اسٹریٹ نمبر 89، G-6/3 اسلام آباد۔ 2) احمد علی ریاض ملک، پتہ: مکان نمبر 3 اسٹریٹ نمبر 89، G-6/3 اسلام آباد۔
ایل	خریدار کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نام و پتے	1) ملک ریاض حسین، پتہ: مکان نمبر 3 اسٹریٹ نمبر 89، G-6/3 اسلام آباد۔ 2) احمد علی ریاض ملک، پتہ: مکان نمبر 3 اسٹریٹ نمبر 89، G-6/3 اسلام آباد۔
ایم	خریدار کی گزشتہ پانچ سال کی مدت کیلئے آڈٹ شدہ مالی تفصیلات بشمول آمدنی' اخراجات' فرسودگی کی ادائیگی سے قبل' سود اور ٹیکس' فرسودگی کی ادائیگی کے بعد کا منافع' ٹیکس کا پروویژن' ڈیویڈنڈز' آمدنی فی شیئر' خالص رقم پر آمدنی اور فی شیئر بک ویلیو:	

تفصیلات	30 جون 2016ء آڈٹ شدہ	30 جون 2015ء آڈٹ شدہ	30 جون 2014ء آڈٹ شدہ	30 جون 2013ء آڈٹ شدہ	30 جون 2012ء آڈٹ شدہ
	روپے ان '000'				
آمدنی	66,778,354	66,824,046	48,703,555	36,814,082	12,432,881
اخراجات	66,449,698	66,566,760	48,464,609	36,558,674	12,381,160
EBITDA	857,474	742,875	537,150	520,504	251,879
دیگر آمدنی	2,868,120	2,689,412	1,168,388	628,990	302,965
فرسودگی	528,818	485,589	298,204	265,096	200,158
سود	65,497	61,708	5,031	4,277	41,120
پی بی ٹی	3,131,279	2,884,990	1,402,303	880,121	313,565
پی اے ٹی	2,194,134	1,748,329	863,865	558,320	96,802
ٹیکس کیلئے پروویژن	937,145	**1,136,661**	538,438	321,801	216,763
ڈیویڈنڈز	-	-	-	-	-
ای پی ایس	100	79	39	25	4
خالص رقم پر آمدنی	29 فیصد	34 فیصد	27 فیصد	25 فیصد	7 فیصد
فی شیئر بک ویلیو	341	237	145	103	66

این	خریدار اور ٹارگٹ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے مابین ٹارگٹ کمپنی کے ڈائریکٹرز کو نقصان یا دیگر ایکیوزیشن کی کی صورت میں عہدہ سے محرومی یا بصورت دیگر ہونے والے نقصان کے معاوضہ کی ادائیگی کیلئے کسی معاہدہ یا انتظام کی تفصیلات	ایس پی اے کے تحت ٹارگٹ کمپنی کے مندرجہ ذیل حالیہ ڈائریکٹرز (1) محترمہ شازیہ بشیر' (2) جناب بہرام قریشی اور (3) جناب مطاہر احمد اپنے حصص 0.0000000319 روپے فی ووٹنگ شیئر کی شرح سے خریدار کے نام منتقل کریں گے۔ ٹارگٹ کمپنی کے مندرجہ ذیل حالیہ ڈائریکٹر محترمہ شازیہ بشیر نے (رخصت ہونے والے اسپانسر گروپ کے حصہ کے طور پر) ٹارگٹ کمپنی اور خریدار کے ساتھ ٹارگٹ کمپنی کو دیئے گئے اپنے سب آرڈینیٹڈ اسپانسر لون کی خریدار کے ٹیک اوور کے بعد پروگریسیو واپسی کا معاہدہ کیا ہے: ماسوائے درج بالا کے، خریدار نے ایکوزیشن کے سلسلے میں ٹارگٹ کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کو عہدہ سے محرومی یا بصورت دیگر ہونے والے نقصان کے معاوضہ کی ادائیگی کا کوئی معاہدہ نہ کیا ہے۔
او	پیشکش کے اعلان سے کم از کم دو سال قبل ہر اہم معاہدہ کی تفصیل جو کمپنی کی جانب سے عام کاروباری معاملات سے متعلق نہ ہوں	خریدار' کسی معاہدہ کا فریق نہیں جو خریدار کے کاروبار اور پبلک آفر کے عمل کو مکمل کرنے کیلئے مالی اہلیت پر اثر انداز ہو۔
پی	خریدار کے لسٹیڈ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں ایک ڈائریکٹر ہونے کی صورت تفصیلات	قابل اطلاق نہیں

2۔ پبلک آفر کی تفصیلات:

اے	اظہار دلچسپی کے نوٹس شائع کرنے والے اخبارات کے نام' تاریخ اور ایڈیشن	اشتہارات 15 مارچ 2017ء کو کراچی' لاہور اور اسلام آباد کے روزنامہ جنگ اور بزنس ریکارڈر میں شائع ہوئے تھے۔
بی	خریدار کی جانب سے شیئر ہولڈرز سے بذریعہ معاہدہ مجوزہ حصص کی تعداد اور اوسط، اگر کوئی ہو، فی شیئر آفر پرائس اور خریدے گئے حصص کی ادائیگی کا طریقہ	ایس پی اے کے تحت خریدار ٹارگٹ کمپنی کے 31,385,126 عام ووٹنگ شیئرز (71.168 فیصد) اسپانسر سیلرز کی مجموعی شیئر ہولڈنگ سے =/1 روپیہ کی مجموعی قیمت پر بہ شرح =/0.0000000319 فی شیئر نقد ادائیگی پر خریدے گا۔ مذکورہ قیمت فروخت کے تناسب کیلئے مندرجہ بالا پیراگراف 1.1 (ای) میں تفصیلات دیکھئے
سی	ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز کی خریداری یا انتظام سنبھالنے کی وجوہات	خریداری سے خریدار کو ٹارگٹ کمپنی کی بحالی کا موقع ملے گا اور اس کے مختلف خساروں بشمول خصوصاً کم از کم ایکیوٹی ضروریات کی قلت کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ اس سے ٹارگٹ کمپنی کو مزید تکنیکی استحکام اور تجربہ ملے گا اور کارکردگی میں اضافہ ہوگا' خاص طور پر خریداری کاروبار میں توسیع' ترقی' انتظامیہ اور سرمایہ میں استحکام اور بہتر مالی منصوبہ کیلئے مفید ہوگی' جس سے کاروبار کو جدید تقاضوں اور منافع بخش اقتصادی صورتحال کیلئے چلانے کا موقع فراہم ہوگا۔ شیئر ہولڈرز کو بہتر آمدنی اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کیلئے اضافی فوائد بھی متوقع ہیں۔ ٹارگٹ کمپنی کے بیشتر حصص کی خریداری سے توقع ہے کہ ٹارگٹ کمپنی اپنی حالیہ سطح سے مالی طور پر زیادہ بلند ہو جائے گی اور یہ بھی متوقع ہے کہ خریدار بہتر انتظامی منصوبہ بندی کرے' اس طرح خریدار دیگر اسٹیک ہولڈرز مثلاً گورنمنٹ' ملازمین' صارفین کی جنرل باڈی اور معاشرہ کو متوقع فوائد فراہم کرنے کیلئے سودمند ثابت ہو سکتا ہے۔
ڈی	تفصیلات بابت ٹارگٹ کمپنی کے لئے مستقبل میں منصوبہ بشمول ٹارگٹ کمپنی خریداری کے بعد بطور لسٹڈ کمپنی رہے گی یا نہیں۔	منصوبہ کے مطابق ٹارگٹ کمپنی کے بیشتر حصص کی خریداری کے بعد ٹارگٹ کمپنی لسٹڈ کمپنی رہے گی۔ خریدار نئے پراڈکٹس کی تشکیل اور نئی مارکیٹوں کی نشاندہی کیلئے تجربہ کار بورڈ آف ڈائریکٹرز اور پیشہ ورانہ مہارت کی حامل انتظامی ٹیم کی تقرری کرنا چاہتا ہے۔ خریدار کو یقین ہے کہ وہ ٹارگٹ کمپنی کے کاروبار کو توسیع دینے' عہدگی سے چلانے اور مزید منافع بخش بنانے کی اہلیت رکھتا ہے۔
ای	مشروط پیشکش کی صورت میں منظوری کی کم از کم سطح یعنی شیئرز کی تعداد اور فیصد تناسب	پبلک آفر کی منظوری کی کم از کم سطح غیر مشروط ہے
ایف	ٹارگٹ کمپنی کی موجودہ انتظامیہ' پروموٹرز یا موجودہ شیئر ہولڈرز سے کسی ایگریمنٹ کی صورت میں معاہدہ کی اہم شقوں کا جائزہ بشمول ایکیوزیشن کی فی شیئر قیمت، معاہدے کے تحت خریدے جانیوالے حصص کی شرح' سیلرز کا نام' سیلرز کا مکمل پتہ' معاہدہ کے فریقین کے نام' معاہدہ کی تاریخ' ادائیگی کے طریقہ کار۔۔۔ اور اضافی اہم معلومات' اگر کوئی ہوں۔ شیئر خریداری کے معاہدہ مورخہ 23 مئی 2017ء کے مطابق خریدار ٹارگٹ کمپنی کے (31,385,126 عام ووٹنگ شیئرز (71.168 فیصد)) مندرجہ ذیل اسپانسر سیلرز سے ان کی مجموعی شیئر ہولڈنگ =/1 روپیہ کی مجموعی قیمت پر بہ شرح =/0.0000000319 فی عام ووٹنگ شیئر نقد ادائیگی سے خریدے گا۔ اسپانسر سیلرز کی تفصیلات حسب ذیل ہیں۔

اسپانسر سیلر کا نام	اسپانسر سیلر کا پتہ	ایس پی اے کے تحت خریدے جانے والے شیئرز کی تعداد	فیصد
درخشاں بشیر	40 مین گلبرگ، لاہور	3,351,726	7.6003 فیصد
شازیہ بشیر	40 مین گلبرگ، لاہور	5,321,632	12.067 فیصد
مریم بشیر	40 مین گلبرگ، لاہور	5,237,311	11.8759 فیصد
Essem پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ	ایسکارٹس ہاؤس 26 ڈیوس روڈ، لاہور	17,203,340	39.00 فیصد
مطاہر احمد	کینال بینک، ٹیک سوسائٹی، لاہور	160,500	0.364 فیصد
بہرام قریشی	T-178، ڈی ایچ اے، لاہور	1,102	0.0025 فیصد
فرخ احمد کامران چوہدری	P-134۔ ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، لاہور	109,515	0.25 فیصد
کل		31,385,126	71.168 فیصد

☆ قیمت فروخت ہذا کے تناسب کیلئے مندرجہ بالا پیراگراف پی، پیرا 1.1 (ای) نمبر کا جائزہ لیں۔

ایس پی اے/ ری پریزنٹیشنز اور وارنٹیز اور دیگر شرائط و ضوابط پر مشتمل ہے جو اس نوعیت کے معاہدہ کیلئے روایتی ہیں۔ فروخت اور منتقلی مختلف پیشگی شرائط کی تکمیل بشمول ریگولیٹری اداروں سے ریگولٹری کلیئرنس سے مشروط ہے۔

(نوٹ۔ ٹارگٹ کمپنی کی خریداری کیساتھ ساتھ خریدار ٹارگٹ کمپنی کی ذیلی کمپنی ایسکارٹس کیپٹل لمیٹڈ جو پاکستانی قوانین کے تحت قائم ہوئی اور جو سیکورٹیز بروکریج کاروبار سے منسلک ہے اسکے جاری کردہ سو فیصد شیئرز خریدے گا اور انتظامی کنٹرول بھی حاصل کرے گا۔

جی	خریدار کے پاس پہلے سے موجود شیئرز کی تعداد معہ خریداری کی تاریخ۔ یہ بھی درج کیا جائے کہ آیا اوپن مارکیٹ سے خریدے گئے یا بذریعہ معاہدہ۔	خریدار کے پاس فی الوقت ٹارگٹ کمپنی کا کوئی شیئرز نہیں۔
ایچ	قبولیت (منظوری) کی کم از کم سطح۔ اگر ہو۔	کوئی کم از کم سطح مقرر نہیں کی گئی

3۔ آفر پر اثر اور مالی انتظامات

3.1۔ آفر پر اثر کا جواز

اے	پبلک آفر کے ذریعہ خریدے جانے والے شیئرز کی ادائیگی کی نوعیت	ٹارگٹ کمپنی کے 6,357,437 (14.42%) عام حصص' جو ریگولیشن 14(1) کے تحت (50%) پچاس فیصد تھریش ہولڈ کے مساوی ہیں۔ شیئر پبلک آفر کے تحت نقد ادائیگی بذریعہ بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر/ پاکستانی کرنسی میں' خریدے جائیں گے۔
بی	بذریعہ پبلک آفر خریدے جانیوالے شیئرز کی کل مالیت	100,892,525 روپے (دس کروڑ آٹھ لاکھ بیانوے ہزار پانچ سو پچیس پاکستانی روپے)
سی	آیا ریگولیشنز کے ریگولیشن 13 کے تحت ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز کی ۔۔۔ تجارت متعدد بار ہوئی یا غیر متعدد بار۔	ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز کی پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں متعدد تجارت ہوئی
ڈی	ریگولیشنز کے ریگولیشن 13 میں درج اصول کے تحت ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز کی آفر پرائس کا جواز	چونکہ ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز ریگولیشنز کے مطابق "متعدد تجارت" کی کیٹگری میں شامل ہیں لہٰذا عوام کو پیشکش۔۔۔ مندرجہ ذیل قیمتوں میں سب سے زیادہ فی شیئر قیمت ہونی چاہئے۔ 1۔ ٹارگٹ کمپنی کے 71.168 فیصد عام ووٹنگ شیئرز کی خریداری کیلئے ایس پی اے کے تحت۔۔۔ مجموعی قیمت -/1 روپیہ (ایک روپیہ صرف) طے کی گئی جو بحساب **0.0000000319 روپے فی عام ووٹنگ شیئر بنتی ہے۔** 2۔ عوامی اعلان کی تاریخ سے قبل چھ ماہ کے دوران ٹارگٹ کمپنی کے ووٹنگ شیئرز کی خریداری کیلئے خریدار یا خریدار کے نمائندہ کی جانب سے سب سے زیادہ ادا کی جانیوالی فی شیئر قیمت۔ **قابل اطلاق نہیں کیونکہ کوئی شیئرز خریدے ہی نہیں گئے۔** 3۔ پبلک آفر کی تاریخ سے چھ ماہ قبل کے دوران (15 اگست 2017ء یعنی ایس ای سی پی/ پی ایس ایکس اور ٹارگٹ کمپنی کو پبلک آفر پیش کرنے سے قبل آخری تجارتی دن تک) اسٹاک ایکسچینج میں ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز کی ویٹیڈ ایوریج قیمت: **15.87 روپے فی شیئر** 4۔ دلچسپی کے اعلان سے چار ہفتے قبل کے دوران اسٹاک ایکسچینج میں ٹارگٹ کمپنی کے شیئرز کی ویٹیڈ ایوریج قیمت **9.06 روپے فی شیئر** 5۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم کی ٹارگٹ کمپنی کی نیٹ ایسٹس ویلیو کی کیلکولیشن کے مطابق فی شیئر قیمت جو کہ ٹارگٹ کمپنی کے ان آڈیٹڈ فنانشل اعداد و شمار پر مبنی ہو جو کہ منیجر تو دی آفر کی جانیوالی پبلک آفر کی تاریخ سے چھ مہینے پرانے نہ ہوں۔ اگر فلسفڈ ایسٹس کل ایسٹس میں شامل ہوں تو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس فرم کو چاہیے کہ وہ فلسفڈ ایسٹس کی ویلیوایشن کے لئے ایک ویلیوئر کی خدمات حاصل کرے، جس کا نام پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے پینل آف ویلیوئیرز کی فہرست میں شامل ہو **7.34 روپے فی شیئر** (بر طابق جاری کردہ فیصل شریف اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے ویلیوایشن سرٹیفکیٹ جو کہ اینڈرسن کنسلٹنگ پرائیوٹ لمیٹڈ کی کی گئی ایسٹس ویلیوایشن کے نتائج پر مبنی ہے) ☆ مندرجہ بالا میں سب سے زیادہ فی شیئر قیمت **15.87 روپے** ہے جس پر پبلک آفر کے ذریعہ عوام سے شیئرز کی خریداری کی پیشکش کی جارہی ہے۔

3.2 فنانشل ارینجمنٹس

اے	ایکٹ کی دفعہ 123 کی تعمیل میں کئے گئے سیکیورٹی انتظامات کا بیان	خریدار نے ریگولیشنز کے ریگولیشن 15(a) کے مطابق ایسکرو اکاؤنٹ میں جو کہ منیجر تو دی آفر آپریٹ کر رہا ہے 110,500,000 (گیارہ کروڑ پانچ لاکھ پاکستانی روپے) بصورت کیش جمع کرا دیے ہیں۔ ایسکرو اکاؤنٹ بینک الفلاح لمیٹڈ۔ شاہراہ فیصل برانچ کراچی میں مینٹین کیا جا رہا ہے
بی	پبلک آفر کے تحت ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لئے مناسب مالی وسائل کا بیان	خریدار نے آفر کے منیجر کے اطمینان کیلئے پبلک آفر کے تحت ذمہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے بینک الفلاح لمیٹڈ شاہراہ فیصل برانچ کے ایک ایسکرو/ اکاؤنٹ میں 110,500,000 (گیارہ کروڑ پانچ لاکھ پاکستانی روپے) نقد جمع کرا کر موزوں مالی انتظام کیا ہے۔ لہٰذا اگر خریدار ایکٹ اور ریگولیشنز کے تحت۔۔۔ پبلک آفر کے جواب میں ادائیگی سے قاصر رہے تو آفر کا منیجر بینک الفلاح لمیٹڈ سے ان شیئر ہولڈرز کو ادائیگی کیلئے جو اپنے شیئرز پبلک آفر کے جواب میں پیش کریں' مطلوبہ رقم طلب کر سکتا ہے۔
سی	آفر منیجر کا بیان کہ آفر منیجر ایکٹ اور ریگولیشنز کے مطابق پبلک آفر پر عملدرآمد کیلئے خریدار کی اہلیت پر مطمئن ہے۔	اے کے ڈی سیکورٹیز لمیٹڈ' آفر کے منیجر کی حیثیت سے متعلقہ ایکٹ اور ریگولیشنز کے مطابق پبلک آفر پر عملدرآمد کیلئے خریدار کی اہلیت پر برآں اے کے ڈی سیکورٹیز لمیٹڈ نے اس ضمن میں 15 اگست 2017ء کو سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا ہے۔

4۔ منظوری اور سیٹلمنٹ کا طریقہ کار:

اے	ٹارگٹ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے آفر کی منظوری کا تفصیلی طریقہ کار۔	1۔ تمام شیئر ہولڈرز (ماسوائے اسپانسر سیلرز، ایس پی اے کے فریقین۔۔) جن کے نام اہلیت کے تعین کے لئے۔۔۔ ٹارگٹ کمپنی کے اعلان کردہ کتب کی بندش کی تاریخ پر ممبران کے رجسٹر پر موجود ہوں' کو آفر لیٹر ارسال کئے جائیں گے۔ 2۔ پبلک آفر کو قبول کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز کو قبولیت کا لیٹر (آفر لیٹر سے منسلک) مکمل اور دستخط شدہ مطلوبہ دستاویزات (حسب ذیل) کے ہمراہ آفر۔۔ منیجر کو ان کے رجسٹرڈ پتہ یعنی 602 چھٹی منزل کاسمیٹکل ٹریڈ سینٹر بلاک 8. کلفٹن کراچی' 14 اکتوبر 2017ء کو شام پانچ بجے سے قبل ارسال کرنا ہوگا' قبولیت کے لیٹر کو مکمل پر کرنے اور دستخط کو یقینی بنائیں۔ 3۔ قبولیت کا لیٹر معہ مطلوبہ معلومات۔۔ مقررہ مدت میں فراہم کئے جانے پر آفر۔۔ منیجر دستاویزات کی وصولی کی رسید جاری کرے گا۔ (ابتدائی رسید) 4۔ مکمل اور دستخط شدہ قبولیت کے لیٹر کے ہمراہ مطلوبہ دستاویزات آفر۔۔ منیجر کو آخری تاریخ سے پہلے دیے جانے پر پبلک آفر کی قبولیت متصور ہوگی۔ 5۔ ایک مرتبہ مکمل قبولیت کا لیٹر داخل کرنے کے بعد پبلک آفر میں فروخت کنندہ شیئر ہولڈر اسے منسوخ نہیں کر سکے گا۔ 6۔ پبلک آفر کی قبولیت کے لئے معیاد 8 اکتوبر 2017ء سے 14 اکتوبر 2017ء تک سات دن کیلئے دوران اوقات کار یعنی صبح نو بجے تا پانچ بجے شام ہوگی۔ آخری تاریخ پر اوقات کار کے بعد موصول ہونے والی قبولیت قابل غور نہیں ہوگی اور آفر کی مدت میں توسیع نہیں کی جائے گی۔ 7۔ قبولیت کے لیٹر کی کاپیاں اے کے ڈی سیکیورٹیز لمیٹڈ (پتہ اوپر دیا گیا ہے) کے دفتر ایاس کی ویب سائٹ www.akdsecurities.net پر دستیاب ہوگی۔
بی	سی ڈی سی اکاؤنٹ کی تفصیلات جس میں اہل شیئر ہولڈرز دوران معیاد قبولیت اپنے شیئرز قبولیت کے بعد جمع کرانے کے پابند ہونگے۔	سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مندرجہ بالا طریقہ کار پر عمل کرنا ہوگا۔ مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ان شیئرز کو حسب ذیل آفر۔۔۔ منیجر کے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقل کرنا ہوگا اور شیئرز کی منتقلی کے ضمن میں ٹرانسفر سلپ آفر منیجر کو فراہم کرنی ہوگی۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کی تفصیلات سی ڈی سی اکاؤنٹ کا نام: منیجر تو دی آفر 'ایسکارٹس انویسٹمنٹ بنک لمیٹڈ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی۔ 10629 سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر 154800 ٹرانزیکشن ریزن کوڈ۔ UIN نمبر (0037589) برائے انٹرا ا